# 21-03-2024 THURSDAY  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ چیف سکریٹری شانتی کماری نے مختلف محکمہ جات کے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ تمام شعبہ جات کے ساتھ تعاون واشتراک کرتے ہوئے مجوزہ لوک سبھا انتخابات کے ضمن میں مثالی انتخابی ضابطہ اخلاق کے نفاذ کو موثر اور یقینی بنائیں۔

☆ تلنگانہ بی جے پی کے صدر و مرکزی وزیر سیاحت جی کشن ریڈی نے الزام لگایا ہے کہ بعض طاقتیں این ڈی اے کو شکست دینے کی کوشش کررہی ہیں۔

☆ سپریم کورٹ نے آج چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمشنر کے تقرر سے متعلق قانون پر روک لگانے سے انکار کردیا ہے۔

☆ الیکشن کمیشن نے الیکٹرانکس اینڈ آئی ٹی وزارت کو ہدایت دی ہے کہ وہ فوری طور پر واٹس ایپ پر ویکست بھارت پیامات کی ترسیل پر روک لگادیں۔

☆☆☆☆☆

چیف سکریٹری شانتی کماری نے مختلف محکمہ جات کے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ تمام شعبہ جات کے ساتھ تعاون واشتراک کرتے ہوئے مجوزہ لوک سبھا انتخابات کے ضمن میں انتخابی ضابطہ اخلاق کے نفاذ کو موثر اور یقینی بنائیں۔ انتخابی ضابطہ اخلاق کے موثر نفاذ کے ضمن میں آج اعلیٰ سطحی میٹنگ کا سکریٹریٹ میں انعقاد عمل میں آیا۔ اس میٹنگ میں پولیس کے اعلیٰ عہدیدار، محکمہ ایکسائز، کمرشیل ٹیکس، جنگلات، ریونیو، ٹرانسپورٹ و دیگر محکموں کے عہدیداروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے شانتی کماری نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ مجوزہ لوک سبھا انتخابات کے ضمن میں بہتر انداز سے حکمت عملی ترتیب دیں اور ضابطہ اخلاق کو بہتر طریقہ سے نافذ کرنے کیلئے اسی طرح کام کرے جس طرح حالیہ اسمبلی انتخابات میں انجام دیا گیا تھا۔ عہدیداروں کو ہدایت دی گئی کہ وہ مہاراشٹرا، کرناٹک، آندھرا پردیش اور چھتیس گڑھ کے سرحدوں پر چیک پوسٹ قائم کریں۔ عہدیداروں نے بتایا کہ پڑوسی ریاستوں کی سرحدوں پر پہلے سے ہی چیک پوسٹ قائم کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ تمام بڑے محکموں کی جانب سے اسپیشل کنٹرول روم اور چیک پوسٹ قائم کیے جارہے ہیں۔ جملہ چارسو چوالیس چیک پوسٹ بشمول نو انٹراسٹیٹ چیک پوسٹ محکمہ پولیس کی جانب سے قائم کیے گئے ہیں۔ ضابطہ اخلاق نافذ ہونے کے بعد سے اب تک محکمہ پولیس کی جانب سے دس کروڑ روپئے ضبط کئے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ غیر لائسنس یافتہ اسلحہ، جلیٹن اسٹیک دھماکو اشیاء اور سونا بھی ضبط کیا گیا ہے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے پندرہ چیک پوسٹ قائم کیے گئے ہیں اور باون انفوسمنٹ کی ٹیمیں چوبیس گھنٹے کام کررہی ہیں۔ ضابطہ اخلاق کے لاگو ہونے کے بعد محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے 34.31 لاکھ روپئے ضبط کئے گئے۔ اس کے علاوہ کمرشیل ٹیکس ڈپارٹمنٹ کی جانب سے بھی 31 اہم مقامات کی نشاندہی کی گئی ہے اور 16 انٹراسٹیٹ چیک پوسٹ قائم کیے گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

سپریم کورٹ نے فیکٹ چیک یونٹ کے بارے میں مرکز کے نوٹیفکیشن پر روک لگادی ہے۔ فرضی خبروں کے چیلنج سے نمٹنے کے لیے پریس انفارمیشن بیورو کے تحت فیکٹ چیکنگ یونٹ کو مرکز کی طرف سے مطلع کرنے کے ایک دن بعد، سپریم کورٹ نے نوٹیفکیشن کو روک دیا ہے۔ سپریم کورٹ نے مارچ کو ہائی کورٹ کی طرف سے نوٹیفکیشن پر روک لگادی ہے۔ آئی ٹی کے نئے قوانین کو چیلنج کرنے والی درخواستوں کی سماعت بمبئی ہائی کورٹ میں ہونی ہے، جس میں بنیادی طور پر آزادی اظہار کا مسئلہ اٹھایا گیا ہے۔ عدالت نے کہا کہ ہم ایسا نہیں کریں گے۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ، جسٹس جے بی پاردی والا اور جسٹس منوج مشرا کی بنچ پر مرکزی حکومت کے نئے آئی ٹی قوانین کو چیلنج کرنے والی درخواست پر سپریم کورٹ میں سماعت ہوئی۔ درخواست میں مرکزی حکومت کے ذریعہ منظور کردہ انفارمیشن ٹیکنالوجی ترمیمی قواعد 2023 کے تحت فیکٹ چیک یونٹ (FCU) بنانے کے مرکزی حکومت کے نوٹیفکیشن پر پابندی لگانے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ آئی ٹی ترمیمی قواعد 2023 کے تحت، مرکزی حکومت کی الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت ایک تحقیقاتی ادارہ بنا سکتی ہے، جس کے پاس کسی بھی سرگرمی کے سلسلے میں جھوٹی یا جعلی آن لائن خبروں کی شناخت اور ٹیگ کرنے کا اختیار ہوگا۔ بامبے ہائی کورٹ نے 11 مارچ کو اس عرضی کو مسترد کردیا تھا، جس کے بعد اب درخواست گزاروں نے ہائی کورٹ کے فیصلے کو سپریم کورٹ میں چیلنج کیا ہے۔ حکومت سے متعلق کسی بھی معلومات کو ہٹانا ہوگا جو ایف سی یو کو فرضی معلوم ہوتا ہے، ورنہ انہیں قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ہم بتاتے ہیں کہ حقائق کی جانچ کرنے والے یونٹ کو مرکز نے 2021 کے آئی ٹی رولز کے تحت مطلع کیا تھا۔

الیکشن کمیشن نے الیکٹرانکس اینڈ آئی ٹی وزارت کو ہدایت دی ہے کہ وہ فوری طور پر واٹس ایپ پر ویکست بھارت پیامات کی ترسیل پر روک لگا دیں۔ کمشنر نے کہا کہ عام انتخابات کے اعلانات کے باوجود بھی شہریوں کے فون پر پیامات وصول ہونے کی شکایت موصول ہو رہی ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ مثالی ضابطہ اخلاق کے لاگو ہونے کے فوری بعد کمیشن کی جانب سے تمام محکموں کو مکتوب روانہ کر دیا گیا تھا۔ بتایا گیا ہے کہ کچھ تکنیکی خرابی کی وجہ سے چند ایک محکموں تک یہ پیام نہیں پہنچ پایا تھا۔

☆☆☆☆☆

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکر نے اپنے بیان میں کہا کہ بھارت کی معیشت اور ٹیکنالوجی میں آگے بڑھنے سے عالمی امن اور ہم آہنگی کے نفاذ میں مدد ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمارا ملک ہم خیال ممالک کے ساتھ مل کر بین الاقوامی سطح پر گلوبل پیس ہمہ آہنگی اور امن کو فروغ دینا چاہتا ہے۔ وہ آج نئی دہلی میں اوپا راشٹراپتی نیواس پر انٹرنیشنل اسٹراٹیجک اینگیجمنٹ پروگرام کی افتتاحی تقریب کے موقع پر شرکاء سے اظہار خیال کر رہے تھے۔ دو ہفتہ طویل چلنے والے اس پروگرام میں اکیس ممالک کے مندوبین کے علاوہ آٹھ ہندوستانی افسران بھی شرکت کر رہے ہیں۔ اس پروگرام کو نیشنل ڈیفنس کالج نے ترتیب دیا ہے۔

☆☆☆☆☆

سپریم کورٹ نے آج چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمشنر کے تقرر سے متعلق قانون پر روک لگانے سے انکار کر دیا ہے۔ جسٹس سنجیو کھنہ اور جسٹس دیپانکر دتہ پر مشتمل بنچ نے کہا کہ فی الحال اس مرحلہ پر قانون پر روک نہیں لگائی جاسکتی جبکہ لوک سبھا انتخابات بالکل قریب ہیں۔ واضح رہے کہ سپریم کورٹ میں الیکشن کمشنر اور چیف الیکشن کمشنر کے تقررات سے متعلق ایکٹ 2023 پر سنوائی ہو رہی تھی۔ سپریم کورٹ نے یہ بھی کہا کہ نئے تقرر شدہ الیکشن کمشنرس گیانیش کمار اور سکھبیر سنگھ سندھو کے خلاف کسی قسم کی شکایات بھی نہیں ہیں۔

☆☆☆☆☆

آئی آئی ٹی حیدرآباد آج اپنا سولھواں فاؤنڈیشن ڈے منا رہا ہے۔ سکریٹری محکمہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پروفیسر ابھئے کرن دیکر اس تقریب میں بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ابھئے کرندیکر نے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے شعبہ میں آئی آئی ٹی حیدرآباد کی اختراعی صلاحیتوں کی سراہنا کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ہندوستان دنیا بھر میں سائنٹیفک پیپر کی اشاعت میں تیسرا ملک بن چکا ہے جبکہ حالیہ دنوں میں اسپیس اور طبی میدان میں ملک نے غیر معمولی صلاحیتوں کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ کی جانب سے بنیادی ریسرچ اور اسٹارٹ اپس کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ چیئرمین آئی آئی ٹی حیدرآباد ڈاکٹر بی وی آر موہن ریڈی نے صدارتی خطاب کیا جبکہ ڈائرکٹر آئی آئی ٹی ایچ پروفیسر بی ایس مورتی نے افتتاحی کلمات پیش کئے۔ اس موقع پر ادارہ کی ترقی اور شعبہ جات میں اہم اور نمایاں کام انجام دیتے ہوئے کامیابی حاصل کرنے والے 182 افراد کو تہنیت پیش کی گئی۔

☆☆☆☆☆

پارسی طبقہ کی جانب سے آج پارسی نئے سال کے موقع پر نوروز تقریبات کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ ہندوستان میں ہر سال زرتشتی طبقہ کی جانب سے یہ دن منایا جاتا ہے۔ شہر کی قدیم ترین پارسی کمیونٹی کی جانب سے اپنی تہذیبی و ثقافتی روایات کو اجاگر کیا جاتا ہے۔ اس موقع پر گھروں کو روشنیوں اور پھولوں سے سجایا جاتا ہے جبکہ نئے سال کو خوش آمدید کہنے کیلئے صبح سے ہی زرتشتی طبقہ کے لوگ اپنے طریقہ سے خصوصی عبادات کر رہے ہیں۔ اس موقع پر نئے لباس پہنے جاتے ہیں اور آپس میں ایک دوسرے کو مٹھائیاں اور خوشبو کا تبادلہ کیا جاتا ہے۔ پارسی افراد اس موقع پر جشن مناتے ہوئے ایک دوسرے کی دودھ، پانی، پھولوں سے ضیافت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

نیویارک میں کونسلیٹ جنرل آف انڈیا مقامی قانونی اداروں کے ساتھ پچیس سالہ ہندوستانی طالب علم کی تلاش کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ محمد عبدالعرفات جو حیدرآباد کے ناچارام سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس ماہ کے پہلے ہفتہ سے لاپتہ ہیں۔ وہ کلیولائن یونیورسٹی میں گزشتہ سال آئی ٹی سے ماسٹرس کرنے کیلئے یہاں پہنچے تھے۔ عرفات کے والد نے بتایا کہ آخری مرتبہ انہوں نے سات مارچ کو ان کے بیٹے سے بات چیت کی تھی۔ تب ہی سے ان کا فون مسلسل بند آ رہا ہے اور وہ کسی سے رابطہ میں نہیں ہے۔ انڈین کونسلیٹ نے سوشیل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بتایا کہ وہ عرفات کے ارکان خاندان کے ساتھ رابطہ میں ہیں۔ وہی دوسری طرف امریکہ کے محکمہ سے بھی مسلسل ربط بنائے ہوئے ہیں اور جلد سے جلد ان کی تلاش کی کوشش کی جا رہی ہے۔

تلنگانہ ہائی کورٹ نے آج معطل شدہ ڈی ایس پی پرنیت راؤ کی جانب سے داخل کردہ میمورنڈم آف کریمنل ریویژن پٹیشن کی عرضی کو خارج کر دیا ہے۔ واضح رہے کہ سابقہ ڈی ایس پی پر اسپیشل انوسٹی گیشن ٹیم زیر قیادت اے سی پی بنجارہ ہلز کی جانب سے تحقیقات کی جا رہی ہے۔ ان پر 2023 سے قبل اپوزیشن قائدین کے فون ٹیاپنگ کا معاملہ زیر دوراں ہے۔ جسٹس رادھا رامی نے کل اس معاملہ کی سنوائی کی۔ پرنیت راؤ اس معاملہ میں راحت حاصل کرنے کیلئے عرضی داخل کی ہے جبکہ ہائی کورٹ نے آج ان کی اس عرضی کو مسترد کر دیا ہے۔ واضح رہے کہ ہفتہ کے روز سٹی کورٹ نے معطل شدہ ڈی ایس پی پرنیت راؤ کو سات دن کی پولیس تحویل میں دینے کی اجازت دی تھی۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ بی جے پی کے صدر و مرکزی وزیر سیاحت جی کشن ریڈی نے الزام لگایا ہے کہ بعض طاقتیں این ڈی اے کو شکست دینے کی کوشش کر رہی ہیں۔ انہوں نے آج حیدرآباد کے باغ عنبر پیٹ ڈویژن میں مختلف کالونیوں کی ویلفیر سوسائٹیوں کے ارکان سے بات چیت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لوک سبھا انتخابات میں زیادہ سے زیادہ پولنگ ہونی چاہیے اور ہر کسی کو ملک کی خاطر، ترقی کے لیے اور ملک کی عزت کے لیے پولنگ میں حصہ لینا چاہیے۔ انہوں نے تمام پر زور دیا کہ وہ اپنے حق رائے دہی سے استفادہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ این ڈی اے اتحاد میں 14 پارٹیاں ہیں۔ کل تامل ناڈو میں بعض دیگر علاقائی جماعتوں کو اتحاد میں شامل ہونے کی دعوت دی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆